سوال

امام سے نماز کی طوالت کی شکایت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مجھے یہ معلوم کرنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عام نماز جو چار رکعت پر مشتمل ہو جیسے عشاء کی نماز کتنی دیر پر مشتمل ہوتی تھی کیونکہ ہمارے یہاں ایک مسئلہ یہ درپش آیا ہے کہ کچھ لوگوں نے ہماری مسجد کے امام صاحب سے شدید اختلاف کیا ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لمبی نماز پڑھانے سے منع کیا اور آپ لمبی نماز پڑھاتے ہیں۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی صورت میں کبھی ایسا نہیں ہوا کہ چار رکعات کی نماز امام صاحب نے پندرہ منٹ سے کبھی اوپر پڑھائی ہو۔ پندرہ منٹ کے اندر اندر نماز تمام ہو جاتی ہے لیکن اس پر بھی اعتراض ہے۔؟ براہ کرم اس حدیث کی وضاحت فرمادیں جس میں لمبی نماز پڑھانے سے منع کیا گیا ہو اس حدیث میں جو مذکور ہے کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے لمبی نماز پڑھائی تو وہ کتنی لمبی نماز تھی۔؟ دوسرا یہ کہ قراءت کا دورانیہ رکوع، اور سجود کی تسبیحات کی تعداد سنت سے قریب ترین کیا ہے۔؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نماز اگرچہ طویل وقصیر دونوں طرح پڑھنا ہی جائز ہے، مگر یہ لوگوں کی قوت برداشت پر منحصر ہے نہ کہ امام کی خواہش پر کہ وہ طویل وقصیر میں سے جس سنت کا چاہیے انتخاب کرلے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نفلی نماز عموماً طویل پڑھا کرتے تھے، مگر فرض نماز نسبتاً مختصر ہوتی تھی۔ آپ نے فرض نماز میں مقتدیوں کا خیال رکھنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ سیدنا ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اذا صلی أحدکم للناس فلیخفف فإن فیھم السقیم والضعیف والکبیر واذا صلی أحدکم لنفسہ فلیطول ماشاء (صحیح بخاری: ۷۰۳) اگر تم میں سے کوئی لوگوں کو نماز پڑھائے تو اسے چاہیے کہ وہ اسے مختصر کرے کیونکہ ان میں کوئی بیمار، ناتوان اور بوڑھے بھی ہیں اور جب اکیلا اپنے لئے نماز ادا کرے تو جتنا چاہے اسے لمبا کرے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو جنہوں نے عشاء کی نماز میں سورۃ بقرہ پڑھی تھی، فرمایا تھا کہ "کیا تم لوگوں کو فتنے میں ڈالنا چاہتے ہو، تم سورۃ اللیل، سورۃ الشمس وغیرہ پڑھا کرو۔" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مقتدیوں کا اتنا زیادہ خیال رکھتے تھے کہ بسا اوقات لمبی نماز کا ارادہ کرتے مگر کسی بچے کے رونے کی آواز سن کر مختصر کر دیتے تھے۔ سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "إني لأقوم في الصلاة أريد أن أطول فيها فأسمع بكاء الصبي" (متفق علیہ) میں جب نماز میں کھڑا ہوتا ہوں تو میں اسے لمبا کرنا چاہتا ہوں۔ پھر بچے کا رونا سنتا ہوں تو میں اس کی ماں پر مشقت کو ناپسند کرتے ہوئے اپنی نماز کو مختصر کر دیتا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے نماز کو طویل کرنے کا معاملہ لوگوں کی برداشت پر منحصر ہے، امام کی مرضی پر نہیں کہ وہ جس سنت کا چاہیے انتخاب کرے جس میں طویل نماز اور مختصر نماز کے، ہر ایک کیلیئے مناسب اور مختلف پیمانے ہیں۔ چار رکعت نماز اگر جہری ہو تو پندرہ منٹ ایک مناسب ٹائم ہے، زیادہ طویل نہیں ہے، لیکن سری نماز جیسے ظہر وعصر تو ان کے لئے مناسب ٹائم تقریباً دس منٹ ہونا چاہیئے۔ رکوع وسجود کی تسبیحات کی کم از کم تعداد تین ہے، اس سے کم نہیں ہونی چاہئے، البتہ زیادہ جتنی مرضی آپ پڑھ لیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ